| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ دیئے گئے الفاظ (گئی، لئے، گیا ہوں، ہیں) کے توڑ کر کے پڑھ اور لکھ سکیں۔<br>دیئے گئے الفاظ کے جملوں کی پڑھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو مصوتوں سے ملا کر پڑھنے کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ کی پڑھائی اور توڑ کر لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو گئی گیا گئے ہوں ہیں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا تمام الفاظ حروف کو جوڑ کر بنتے ہیں۔ یہ الفاظ تین حرفی ہیں۔ آج ہم ان الفاظ کے توڑ کرنا سیکھیں گے۔ تختہ سیاہ پر 'گیا' کا فلیش کارڈ چسپاں کیا جائے گا۔<br>بچوں سے لفظ پڑھنے اور اس کی آوازوں پر غور کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'گیا' میں پہلی آواز کس حرف کی ہے۔<br>چھوٹی اشکال (گ) گ + ی + ا = گیا<br>بچوں کو بتایئے کہ پہلی آواز گ، دوسری آواز 'ی' اور تیسری آواز 'ا' کی ہے۔ اب بچوں کو ان حروف کو گننے کو کہیے اور پوچھیے یہ کتنے حروف ہیں 'تین' یعنی 'گیا' تین حرفی لفظ ہے۔ اسی طرح تمام الفاظ کے توڑ کروایئے۔ بچوں کو چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ | 10 منٹ | فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ہر گروپ کو گیا، گئی، گئے، ہوں اور ہیں کے فلیش کارڈز اور حروف فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے ان الفاظ کے حروف تلاش کرنے اور لفظ کے نیچے رکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر گروپ کے پاس باری باری جا کر ان سے بنائے گئے توڑ پوچھے جائیں گے۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 23 کھولنے کو کہا جائے گا۔ توڑ کروانے سے پہلے تمام الفاظ پڑھوائے جائیں گے تاکہ تمام طلباء درست ہجوں کے ساتھ لفظ پڑھ سکیں نیچے دیئے گئے جملے تختہ سیاہ/سفید پر تحریر کیجیے ان کی بلند خوانی کیجیے اور طلباء سے بھی کروایئے۔ | 20 منٹ | حروف فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 23 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے فلیش کارڈز دکھا کر تمام الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 22 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 22 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جوڑ کے توڑ پڑھ اور لکھ سکیں۔ الفاظ اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>ہیں، ہوں، گئی، گئے کے توڑ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ جوڑ کے توڑ کرنے اور جملوں کی پڑھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>رہے، رہیں، ڈرے، ڈریں، بنے اور بنیں کے الفاظ پی پی ٹی/فلیش کارڈز کے ذریعے دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ ہر لفظ کی درست ہجوں کے ساتھ پڑھائی کروائیے۔ بچوں کو بتائیے کہ ہم ان الفاظ کے توڑ کرنا سیکھیں گے۔ بچوں سے پوچھیے کہ توڑ کس طرح کرتے ہیں؟ بچوں کو بتائیے کہ لفظ حروف کا مجموعہ ہوتے ہیں۔ اگر کسی لفظ کے حرف الگ الگ لکھے جائیں تو اُس کے توڑ بن جاتے ہیں چھوٹی اشکال میں لکھیں۔ بنیں = ب + ن + ی + ں<br>بچوں کو بتایے کہ توڑ کرتے وقت ہم حروف کی آدھی شکل کا استعمال کرتے ہیں۔ 'بنیں' چار حرفی لفظ ہے۔ مختلف دو حرفی، تین اور چار حرفی الفاظ کے توڑ کرنے اور ان کو پڑھنے کی مشق کروائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹا سفید بورڈ دیے جائیں گے۔ معلّمہ الفاظ کے کارڈز دکھائے گی اور بچے بورڈ پر اس کے توڑ لکھیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 37 کھولنے کو کہا جائے گا۔ توڑ کروانے سے پہلے الفاظ کی درست ہجوں کے ساتھ بلند خوانی کروائی جائے گی۔ توڑ کرتے وقت باری باری بچوں کے پاس جا کر ان کی راہنمائی کی جائے گی۔ اچھا کام کرنے پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ نیچے دی گئی خالی جگہ کو تختہ سفید/سیاہ پر لکھ کر پڑھائی کروائی جائے گی۔ درست لفظ کا انتخاب کرنے میں اور لکھنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ جملہ مکمل کرنے پر مکمل جملہ دوبارہ پڑھوایا جائے گا۔ | 20 منٹ | چھوٹا سفید بورڈ<br>مارکر<br>کتاب صفحہ نمبر 37 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو فلیش کارڈز دکھا کر الفاظ کے توڑ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |


| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جوڑ کے توڑ پڑھ اور لکھ سکیں۔ الفاظ اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>گیا، ہیں، ڈرے، بنے، رہے، رہا کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کے توڑ دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور جملوں کی پڑھائی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>گیا ، کون ، کب ، کہاں ، کیوں ، کیسے کے فلیش کارڈز تختہ سفید/سیاہ پر چسپاں کیے جائیں گے۔ ان الفاظ کو با آواز بلند دو سے تین بار پڑھایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ الفاظ سوالیہ جملوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ سوالیہ جملوں سے مراد وہ جملے ہیں جن میں آپ سوال پوچھتے ہیں۔ مثلاً آپ کون ہیں؟ آپ کیا کر رہے ہیں؟ علی کہاں رہتا ہے؟ کون، کہاں اور کیا کے گرد دائرہ بنا کر بچوں کو ان الفاظ کی پہچان کروایئے۔ تختہ سیاہ پر 'کب' لکھیے۔ بچوں سے لفظ پڑھوایئے اور اس کے توڑ بتانے کو کہیے۔ ک + ب بچوں کو بتایئے کہ 'کب' دو حرفی لفظ ہے۔ کب سے دو جملے بتانے کو کہیں مثلاً امی کب آئیں گی؟ آپ کا سکول کب لگتا ہے؟ وغیرہ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کے ساتھ ہوپ سکوچ گیم کھیلی جائے گی۔ زمین پر اوپر پڑھے گئے الفاظ اور ان کے توڑ لکھے جائیں گے۔ معلّمہ لفظ بولیں گی اور بچہ / بچی اس کے توڑ پر چھلانگ لگائیں گے بچوں کو پلے ڈو اور الفاظ فلیش کارڈز دے کر پلے ڈو سے الفاظ بنوائے جائیں گے۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 46 کھولنے کو کہا جائے گا الفاظ کے توڑ کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ نیچے دیے گئے الفاظ تختہ سفید سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ سوالیہ الفاظ، کیا، کون، کب، کیسے، کہاں، کیوں کی جملوں میں نشاندہی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | پلے ڈو الفاظ فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 46 | |
| | **اختتامیہ:**<br>الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ 36 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 36 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جوڑ توڑ پڑھ اور لکھ سکیں ۔ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>کہاں ، کب ، کون ، کیسے ، کیوں کے فلیش کارڈز دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور الفاظ کی پڑھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>الفاظ گنے ، گنیں ، گرے ، گریں ، ملے ، ملیں کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ یہ عمل تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔ بچوں سے ہوا میں یا میز پر ان الفاظ کو لکھوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ یہ عمل تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔ بچوں سے ہوا میں یا میز پر ان الفاظ کو لکھوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>گنے اور گنیں کے فلیش کارڈز بورڈ پر چسپاں کیے جائیں گے۔ بچے باری باری تختہ سیاہ پر پر جوڑوں کی صورت میں آئیں گے۔ ایک لفظ پڑھ کر بتائے گا اور دوسرا حروف کی ٹوکری سے اس کے حروف تلاش کرے گا۔ دونوں لفظ کے حروف تختہ سیاہ پر چسپاں کریں گے۔ اس طرح تمام حروف کے جوڑ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو ریتلی تھالی اور الفاظ فلیش کارڈز دے کر ریتلی تھالی پر الفاظ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب 47 کھولنے کو کہا جائے گا۔ توڑ کروانے سے پہلے الفاظ کو بچوں سے پڑھنے کو کہا جائے گا تاکہ پتا چل سکے کہ درست پڑھ رہے ہیں یا نہیں۔ جوڑ کے توڑ کرنے میں بچوں کی راہنمائی کی جائے گی۔ نیچے دیئے گئے الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ | 20منٹ | حروف فلیش کارڈز، ٹوکری<br>ریتلی تھالی<br>کتاب صفحہ نمبر 47 | |
| | **اختتامیہ:**<br>الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر پڑھائی کروایئے۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جوڑ توڑ پڑھ اور لکھ سکیں ۔ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>گنے، گنیں، گرے، گریں، بنے اور بنیں کے الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ زیر کے بارے میں پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:** بچوں کو 'بنا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی پڑھائی کروایئے۔ اور بتایئے کہ آج ہم لفظ 'بنا' کے ساتھ مختلف لفظ جوڑ کر پڑھیں اور لکھیں گے۔ 'بنا' تختہ سفید / سیاہ پر لکھ کر اس کے ساتھ لفظ جوڑنا بتایا جائے گا۔ مثلاً<br>بنا + ؤ = بناؤ     بنا + ئی = بنائی<br>تمام الفاظ کی آوازوں پر زور دیا جائے گا۔ بچوں کو ان الفاظ کے توڑ کرنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ مثلاً<br>آدھی اشکال میں لکھیں۔ بناؤ = ب + ن + ا + ء + و<br>**مرکزی سرگرمی:** تختہ سیاہ پر الفاظ لکھے جائیں گے اور 'بنا' کی جگہ خالی چھوڑ دی جائے گی۔<br>______ + ؤ = بناؤ     ______+ ئے = بنائے<br>______+ ئی = بنائی     ______+ ئیں + بنائیں<br>بچوں کو باری باری آ کر پہلا لفظ لکھ کر الفاظ مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں کو Spin Wheel دے کر الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 48 کھولنے کو کہا جائے گا۔ لفظ کی مختلف اشکال کو پڑھنے، سمجھنے اور یاد کرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی جوڑ کے توڑ کرتے وقت بچوں کی نگرانی کی جائے گی۔ اچھا اور خود سے اپنا کام کرنے پر بچوں کو شاباش دی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** فلیش کارڈز کے ذریعے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 49 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز<br><br><br>کتاب صفحہ نمبر 48<br>کتاب صفحہ نمبر 49 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور الفاظ کی پڑھائی کرنے پر۔ |